Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر [illegible] مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۲ ذیقعدہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۴ جنوری ۱۹۳۹ء جلد [illegible]

حصہ دوم

احکام اجلاس عالیمرتبت منسٹرز و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر	۲
۲	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	۳
۳	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۴ و ۵
۴	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر	۶
۵	حکم اجلاس صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر و ریکارڈ آفیسر بہادر	۷
۶	حکم دفتر ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت۔	۸

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

انتخاب ممبران

حلقہ ۱ اور ۲ میں چار مسلم ممبران کی جگہیں ہر حلقہ میں ۲ خالی ہوتی تھیں۔ حلقہ ۳ میں ۴ نامزدگیاں ہوئیں جن میں سے دو خارج ہوگئیں بقیہ دو جن کے نام حسب ذیل ہیں بلامقابلہ منتخب قرار دیئے گئے۔

۱۔ نظیر محمد خاں عرف بنن خاں

۲۔ لطافت حسین خاں

حلقہ ۱ و ۲ میں دس نامزدگیاں ہوئی تھیں جن میں سے کچھ نامزدگیاں ناجائز قرار دی گئیں بقیہ اشخاص نے اپنی نامزدگیاں علاوہ چار صاحبان کے انتخاب سے قبل واپس لے لیں۔ لہذا مندرجہ ذیل چار صاحبان حلقہ ۱ و ۲ سے بتفصیل ذیل منتخب قرار دیئے گئے۔

حلقہ ۱ { کپتان (ریٹائرڈ) الطاف اللہ خاں۔ / منظر الاسلام۔

حلقہ ۲ { سید غضنفر علی وکیل / صابر رضا خاں

لہذا حکم ہوا کہ

اصل روبکار شامل فائل اجلاس ہو۔ ایک نقل صاحب ایگزیکیوٹو افسر کی خدمت میں اور ایک مطبع سرکاری کو بغرض اندراج گزٹ مرسل ہو۔

۱۱ر جنوری ۱۹۳۹ء دستخط عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

انتظام

پروبیشنری سب انسپکٹران منشی عبدالواحد خانصاحب و منشی رائے بہادر جوہری صاحب نے مدت پروبیشنری ختم کرلی ہے۔ ان ایام میں انکا کام قابل اطمینان رہا۔ اُن کو ۵ ر دسمبر ۱۹۳۵ء سے مستقل کیا جاتا ہے۔ پندرہ روزہ رپورٹ بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے سینارٹی بلحاظ حکم تقرری ہوگی۔ منشی عبدالواحد خاں صاحب سب انسپکٹر پولیس لائن سے تھانہ گنج تبدیل ہوں منشی رائے بہادر جوہری صاحب سب انسپکٹر تاختم مدت لائن میں رہکر کام کرینگے۔ بجائے منشی عبدالواحد خانصاحب سب انسپکٹر کے احمد علی صاحب پروبیشنری سب انسپکٹر بغرض کارآموزی برائے تین ماہ لائن پولیس متعینات ہوں۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ اجراء ہوں۔ درج آرڈر بک خاص ہو۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسسٹنٹ پریس کو رسل ہو۔　　۳ر جنوری ۱۹۳۶ء

دستخط عالی رتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ من ابتداء ۶ر لغایت ۱۲ر جنوری سنہ ۳۹ء برائے اشاعت اسٹیٹ گزٹ منیجر صاحب اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو۔ ۱۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۹ء دستخط عالی مرتبت جناب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۶ر جنوری	[illegible]	تعطیل سالگرہ	ہز ہائینس بیگم صاحبہ دام اقبالہا		
۷ر 〃	[illegible]	〃 انعقاد	بتقریب سعید شگنی جناب نواب زادی اختر لقا بیگم صاحبہ		
۸ر 〃	[illegible]	〃	〃	〃	
۹ر 〃	[illegible]	〃	〃	〃	
۱۰ر 〃	[illegible]	〃 بنچ	〃	〃	
۱۱ر 〃	[illegible]	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و عالی مرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری	سرکار بہادر بنام بجلی	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۲ ت	آج عالی مرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر مقدمات سیشن کی سماعت کر رہے ہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر تاریخ ۱۸ر جنوری سنہ ۳۹ء پیش ہو
〃	〃	〃	ذوتی رام بنام سرکار بہادر	〃 〃 ۳۰۴ ت	〃
〃	〃	عالی مرتبت شیخ چودھری شرف الزمان صاحب بہادر جسٹس	امجد قیدی 〃 〃	〃 〃 ۱۸۱ ت	اپیل نا منظور ہو تجویز و حکم سزا عدالت ماتحت بحال رہے
〃	〃	〃	جیون وغیرہ بنام پرما	〃 〃 ۴۹۸ ت	حسب استدعا وکلائے ملزمان ملتوی ہو کر مقدمہ ہذا ۲۹ر جنوری کو پیش ہو۔
〃	〃	عالی مرتبت صاحب جسٹس بہادر قائم مقام چیف جسٹس	پرن سکھ بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۴۷ ض ف	〃 〃 ۳ر فروری سنہ ۳۹ء 〃 〃
〃	〃	〃	دریا محمد خاں بنام بہاری لال	اپیل اجراء	〃 〃 ۱۳ر جنوری سنہ ۳۹ء 〃 〃
〃	〃	〃	سوہن لال بنام بلدیو	نگرانی خفیفہ	〃 〃 ۳۰ر 〃 〃 〃
〃	〃	عالی مرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری	شجاعت علی بنام چھٹن خاں	اپیل اول دیوانی	〃 〃 ۱۷ر 〃 〃 〃
〃	〃	〃	سرکار بہادر بنام احمد رضا خاں وغیرہ	سیشن جرم دفعہ ۳۹۵ ت	بقیہ بحث کے لئے ۱۲ر جنوری سنہ ۳۹ء کو پیش ہو۔
〃	〃	〃	〃 محمد علی خاں	〃 〃 〃	سب انسپکٹر تفتیش کنندہ و تعین ۱۲ر جنوری طلب ہو مقدمہ بتاریخ مذکورہ پیش ہو۔
〃	〃	〃	〃 معصوم یار خاں وغیرہ	〃 〃 ۳۰۲ ت	آج دو کس گواہان صفائی ضلع غیر کے بیانات ہوئے بقیہ گواہان ضلع غیر کل کی تاریخ میں طلب ہیں لہذا مقدمہ ۱۲ر جنوری پیش ہو
〃	〃	〃	〃 حسینہ عالم خاں وغیرہ	〃 〃 ۳۶۶ و ۳۶۶-۴۹۷ و ۴۲۰ و ۱۱۴ ت	آج ملزمان کو فرد جرم سنائی گئی اور ایک گواہ بیان قلمبند ہوا لہذا مقدمہ تاریخ ۱۲ر جنوری پیش ہو۔

		عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	چھوٹے لعل بنام سماۃ دیو یاوتی	درخواست متفرق	درخواست ترمیم سائلان منظور ہو۔ نگرانی ۱۸ میں لفظ "دھوئے" کے بجائے لفظ "درخواست" متن تجویز میں ترمیم کردیا جائے
〃	〃	عالی مرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	پریم وتی بنام شمبھو داس	بابت علیحدگی چھ کڑیاں از باورچی خانہ	اپیل نامنظور ہو۔ خرچہ غالب بذمہ مغلوب عائد ہو
۱۲ر	جی بنچ	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر عالی مرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر و عالی مرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	ایسری پرشاد وغیرہ بنام عطاء اللہ خاں۔ فریق ثانی	دادرسی دیوانی	ڈگریات عدالت ہائے ابتدائی و اپیل اول و دوم منسوخ ہوں ڈگریدار بذریعہ اجراء اپنا مطالبہ ڈگری وصول کرسکتا ہے۔ خرچہ دادرسی ہذا و نیز جملہ عدالتوں کا ہر فریق اپنا اپنا برداشت کرے گا۔
〃	〃	عالی مرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر	بنارسی داس بنام بانکے رام	درخواست اجراء پر تعین للہ اہلکار	زیر پیشی
〃	〃	〃	سرکار بہادر بنام حبیب عالم خاں وغیرہ	سیشن جرم دفعہ ۳۶۶۔ ۴۲۰ ت	بیان اظہار الحق آج مکمل کیا گیا۔ مثل برائے ثبوت ۱۸ر جنوری کو پیش ہو۔
〃	〃	〃	〃 〃 احمد رضا خاں وغیرہ	سیشن جرم دفعہ ۲۹۵ ت	دو کس گواہان صفائی کے بیانات قلمبند ہوئے اور جزو بحث سماعت ہوئی۔ بقیہ بحث کیلئے ۱۳ر جنوری سنہ ۳۹ء مقرر ہو۔
〃	〃	〃	〃 〃 مصریار خاں 〃	〃 〃 ۳۰۲ ت	دو کس گواہان صفائی کے بیانات قلمبند ہوئے بقیہ صفائی کے لئے ۱۴ر جنوری کو پیش ہو
〃	〃	〃	برجنندن پرشاد بنام ... لعل	اپیل اجراء	اپیل خارج ہو۔ خرچہ اپیل غالب کو مغلوب دلایا جاتا ہے
〃	〃	بنچ عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر	... بنام سورج مل	〃 دوم دیوانی	مقدمہ ہذا ۱۴ر فروری سنہ ۳۹ء پیش ہو
〃	〃	〃	سرکار بہادر بنام سکندر وغیرہ	اپیل فوجداری	...
〃	〃	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	مظہر حسین بنام منور علی	نگرانی دیوانی	زیر پیشی۔

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر

رخصت

معروضہ یادداشت اسسٹنٹ ہیلتھ افیسر صاحب بابت منظوری رخصت رعایتی آٹھ یوم سید منظور احمد اسسٹنٹ کلرک اسٹیٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ مشاہرہ دار بیس ۲۰ روپیہ از ۲۲؍ دسمبر ۱۹۳۸ء لغایتہ ۲۹؍ جنوری ۱۹۳۹ء بغرض شرکت عرس بمقام جئیشہ بزرگواری کبیر الدینخاں کلرک و تحریر صیغہ فائنانس متعلق تصدیق استحقاق رخصت مطلوبہ۔

حکم

سید منظور احمد اسسٹنٹ کلرک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی رخصت رعایتی آٹھ یوم ۲۲؍ دسمبر لغایتہ ۲۹؍ جنوری ۱۹۳۹ء حسب سفارش اسٹیٹ ہیلتھ افیسر صاحب منظور ہے۔ بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسلہ ۵؍ جنوری ۱۹۳۹ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف میڈیکل افیسر بہادر

حکم اجلاس صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر و ریکارڈ آفیسر بہادر

انتظام

عبدالخالق کا تقرر یکم جنوری سنہ ۱۹۳۹ء سے بعہدہ اہلمد بمشاہرہ عہ۳۰ ماہوار ہوچکا ہے نامبردہ اپنے کام پر حاضر نہوا اس لئے نامبردہ کو برخاست کیا جاتا ہے اور بجائے نامبردہ کے حافظ شہاب الدین خان کا تقرر بعہدہ اہلمد اسسٹنٹ ریکارڈ آفیسر صاحب حضور تحصیل بمشاہرہ عہ۳۰ ماہوار ۱۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۹ء سے آخر اپریل تک منظور ہے۔ اسدیار خاں کا تقرر بعہدہ کارسپانڈنس کلرک بمشاہرہ عہ۳۰ ماہوار ہوچکا ہے نامبردہ اپنے کام پر حاضر نہوا اسلئے برخاست کیا جاتا ہے۔ اور بجائے نامبردہ کے منشی عزیز الحسن صدیقی کا تقرر بعہدہ کارسپانڈنس کلرک بمشاہرہ عہ۳۰ ماہوار ۱۱ر جنوری سنہ ۱۹۳۹ء سے آخر اپریل تک منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو

۱۱ر جنوری سنہ ۳۹ء

دستخط صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر و ریکارڈ آفیسر بہادر

بغرض اجرا احکام بخدمت جناب صاحب ڈپٹی سکریٹری صدر مرسلہ - ۱۱ر جنوری سنہ ۱۹۳۹ء

دستخط اسسٹنٹ ریکارڈ آفیسر صاحب

حکم ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

اعلان

۱۱ جنوری ۱۹۳۹ء

محکمہ زراعت میں کچھ سپروائزران اور کامداران کی جگہیں زیر انتظام ہیں سپروائزر کی تنخواہ [illegible] روپیہ اور کامدار کی تنخواہ [illegible] روپیہ ہوگی امیدواران کو تعلیم یافتہ ہونا اور زراعت کے کام سے واقف ہونا لازمی ہے امیدواران درخواستیں دفتر زراعت میں ۱۷ جنوری تک پیش کریں۔

(دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت)